Music By C. Ramchandra

راج کنول کلا مندر کا عجیب و غریب شاہکار

پرچھائیں

परछाईं

اداکار:- جے شری، شانتارام
للتا پوار وغیرہ

قیمت
۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

گانے پرچھائیں کے

(ریڈیو کا گانا)

نمبر ا

ڈوب جائے جو قسمت کا تارا
چاند و سورج ہوں روشن ہمیں کیا
ایک سما دھی ہے جیون ہمارا
ایسا الجھا ہے کانٹوں میں دامن
لاکھ طوفاں میں اور اک بےچارہ
رہ گئیں آرزوئیں نفس میں
جب نظر آ رہا تھا کنارا

کوئی ہوتا نہیں پھر سہارا
کوئی پھولا ہو گلشن ہمیں کیا
کوئی ہوتا نہیں پھر سہارا
اپنی پرچھائیں ہے اپنی دشمن
کوئی ہوتا نہیں ......
کب پھنستی اپنی نیا بھنور میں
ڈوب جائے جو ......

دیپک:- نمبر ۲

محبت ہی جو نہ سمجھے وہ ظالم پیار کیا جانے
نکلتی دل کے تاروں سے ہے جو جھنکار کیا جانے
اسے تو قتل کرنا اور تڑپانا ہی آتا ہے
گلا کس کا کٹا کیونکر کٹا تلوار کیا جانے
کرو فریاد سر ٹکراؤ اپنی جان دے ڈالو
تڑپتے دل کی حالت حسن کی دیوار کیا جانے

نمبر ۳

چندا کی چھاؤں میں۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہواؤں میں
اور کوئی گا رہا۔ اور کوئی گا رہا
بھنوروں کا بولنا۔ پھولوں کا ڈولنا
آج جب مجھے بھا رہا۔ اور کوئی گا رہا
دل اور جگر کے بیچ ہو۔ آنکھ اور نظر کے بیچ ہو
ہے کوئی سما رہا۔ اور کوئی گا رہا
چھپ چھپ کے میرے پاس۔ پریم کی بے گھے آس
لو کوئی گھا رہا۔ اور کوئی گا رہا

سلمیٰ:-

نمبر ۴

نینا رنگ کے رس گھولے گیو۔ دکھوا دے گیو۔ پردیسی سئیاں
کیوں تیا سنے تورے نگریا۔ نام پتہ تم پریم نگریا
اپنا پتہ موہے دے گیو۔ پردیسی سئیاں ....
برہا کی رات چھائی بدریا۔ چھم چھم چھم چھمکے بجریا
یاد دلا کے سکھ دے گیو۔ پردیسی سئیاں ....
کہتی رہی پیا پیر نہ لگاؤ۔ تھم تھم تھم تھم تھم کے چلاؤ
چٹکی بجا کے دل لے گیو۔ پردیسی سئیاں ....

نمبر ۵

دیپک :- دُکھا کے ہاتھوں میں مہندی حلال کر ڈالا
بنا کے مست مجھے پائمال کر ڈالا
سلونی :- کسی نے مجھ کو میرے گھر میں آ کے لوٹ لیا
دیپک :- کسی غریب کو گھر میں بُلا کر لوٹ لیا
سلونی :- کوئی امید نہ حسرت نہ کچھ تمنا تھی
اندھیرا چھایا تھا سنسان دل کی دُنیا تھی
چراغ پریم کا تم نے جلا کے لوٹ لیا
کسی نے مجھ کو میرے گھر میں آ کے لوٹ لیا
دیپک :- ہواس و ہوش نہ رہتے یہ ماجرا ہوتا
جو شکل دیکھ ہی لیتے نہ جانے کیا ہوتا
صدا حضور نے اپنی سُنا کے لوٹ لیا
کسی غریب کو گھر میں بُلا کے لوٹ لیا
سلونی :- زمانے بھر سے میں کہدوں گی تم نے چوری کی
اور ایسی چوری کی چوری بھی سینہ زوری کی
کہ سونے والے کو تم نے جگا کے لوٹ لیا
کسی نے مجھ کو میرے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

سلونی:-

نمبر ۶

کٹتے ہیں دکھ میں یہ دن پہلو بدل بدل کے
رہتے ہیں دل کے دل میں ارماں مچل مچل کے
تڑپائے گا کہاں تک اے دردِ دل بتا دے
رسوا کہیں نہ کردیں آنسو نکل نکل کے
یہ خاک پر جو چمکیں ذرے نہ ان کو سمجھو
پھینکا گیا ہے دل کا شیشہ کچل کچل کے
الفت کی ٹھوکروں سے آخر نہ بچ سکا دل
جتنے قدم اٹھائے ہم نے سنبھل سنبھل کے

نمبر ۷

کستوری:- اپنی کہو کچھ میری سنو کیا دل کا لگانا بھول گئے
دیپک:- رونے کی عادت ایسی پڑی ہنسنے کا ترانہ بھول گئے
کستوری:- کالی راتیں بیت گئیں پھر چاندنی راتیں آئی ہیں
دیپک:- دل میں نہیں اُجیالا میرے، غم کی گھٹائیں چھائی ہیں
کستوری:- پریت کے وعدے یاد کرو کیا پریت نبھانا بھول گئے
دیپک:- بھولا ہوا ہے راہ مسافر، بچھڑا ہوا ہے منزل سے
کستوری:- کھوئے ہوئے رستے کا پتہ تم پوچھ لو خود اپنے دل سے

دیپک :- چلتے چلتے اتنا تھکے ۔ منزل کا ٹھکانہ بھول گئے

کشوری :- نزدیک بڑھو ۔ نزدیک بڑھو ۔ معلوم یہ نہیں پھر آنے کا

دیپک :- نزدیک شمع کے جلنے سے ۔ کیا حال ہوا پروانے کا

مٹنے کا فسانہ یاد رہا ۔ جلنے کا فسانہ بھول گئے

نمبر ۸

سلونی :-

اے دردِ جگر ۔ اے دردِ جگر
رات کیونکر کٹی یہ تجھے کیا خبر

میں تو جاگا کی کہ دنیا سوتی رہی
لیکن شبنم تھی جو ساتھ روتی رہی

دیکھ پھولوں کی ہیں پتیاں تر بتر
جذبِ دل ہے تو خود ہی چلے آئینگے

یہ مصیبت کے دن بھی گذر جائینگے
ہم تو بیٹھے رہیں گے یونہی عمر بھر

نمبر ۹

سلونی :-

دل دل سے کہہ رہا ہے جو تو ہے وہ ہی میں ہوں

دیپک :- دونوں کی اک صدا ہے جو تو ہے وہ ہی میں ہوں

سلونی :- تصویریں دیکھنے میں دو ہیں ضرور لیکن

رنگ ایک ہی بھرا ہے جو تو ہے وہ ہی میں ہوں

دیپک :- سانسیں ملی ہوئی ہیں ۔ دو جی ملے ہوئے ہیں

اک درد اک دوا ہے ۔ جو تو ہے وہ ہی میں ہوں

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان چند دنوں میں تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں اشیا بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بیروزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ:

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں

دہلی